SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
November 27, 2019

ایس ای سی پ کا اینٹی منی لانڈرنگ اور ٹیرر زم فنانسنگ کے موضوع پر آگہی ورکشاپ

اسلام آباد (نومبر 27): سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے مالیاتی اداروں میں منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام اور جانچ کے لئے رسک بیسڈ اپروچ کی اہمیت اور اس حوالے سے آگہی فراہم کرنے کے لئے اقوامِ متحدہ کے ادارہ برائے منشیات اور جرائم (یو این او ڈی سی) کے تعاون سے ملک بھر میں ورکشاپس منعقد کیں۔

ایس ای سی پی کی جانب سے منعقد کئے گئے یہ سیشن مالیاتی شعبے کے بارے میں کی گئی قومی رسک تشخیص 2019 میں اے ایم ایل/سی ایف ٹی کے حوالے سے استعداد کار بڑھانے کے پروگرام کا حصہ ہیں جس کا مقصد مالیاتی شعبے میں اے ایم ایل/سی ایف ٹی کے قوانین کی کمپلائنس کو بڑھانا ہے۔
ایس ای سی پی کی جانب سے لاہور، کراچی اور اسلام آباد میں منعقد کی گئی ان ورکشاپوں میں سیکورٹیز اور کموڈیٹز مارکیٹس، انشورنس/تکافل کمپنیوں، نان بینکنگ فنانس کمپنیوں اور مضاربا سیکٹر سے 500 سو سے زائد پیشہ ورماہرین اور کمپلائنس افسران نے شرکت کی۔

ان ورکشاپس کے ذریعے، شرکاء کو بین الاقوامی ٹیرر فنانسنگ کے خطرات کی جانچ کے لئے رسک بیسڈ اپروچ کے اطلاق بارے تربیت دی گئی۔ ایس ای سی پی کے اے ایم ایل/سی ایف ٹی ضوابط 2018 کے تحت رسک بیسڈ اپروچ کا تصور اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ مالیاتی اداروں کے مابین خود کو منضبط کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ وہ یہ یقینی بنائیں کہ وہ جائز اور ایک اہم کام کی انجام دہی کر رہے ہیں۔ اس اجلاسوں میں داخلی پالیسیوں، طریقۂ کار اور کنٹرول کی شرائط کو اپ ڈیٹ کرنے اور صارفین کی ضروری/مطلوبہ جانچ پڑتال کے اقدامات، ریکارڈ کو محفوظ کرنے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی تعمیل کے طریقہ کار پر زور دیا گیا۔

ورکشاپ میں فنانشل مانیٹرنگ یونٹ (ایف ایم یو) کے مشکوک ٹرانزیکشن کی رپورٹنگ (مشکوک لین دین کی اطلاع) اور رپورٹ کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے تجاویز او آراء پر بھی بات کی گئی۔ ان سیشنز میں بنیادی طور پر ریڈ فلیگ کی نشاندہی اور رپورٹنگ کے لئے (ایف ایم یو) کے گو میل اے ایم ایل (GoAML) سسٹم کے ذریعے ہر سیکٹر سے متعلقہ غیر معمولی لین دین کی نشاندہی اور رپوٹنگ کے بارے میں بتایا گیا۔ ایس ای سی پی نے اے ایم ایل/سی ایف ٹی کے ریگولیٹری فریم ورک اور قوانین پر عمل درآمد کے لئے کوششیں تیز تر کردی ہیں جن کا مقصد ملک کے کمرشل مالیاتی شعبے کا تحفظ اور مجرمانہ اور دہشت گردی کے مقاصد کے لئے ناجائز استعمال کو روکنا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

ورکشاپ میں ہونے والی بحث سے پتہ چلتا ہے کہ شرکاء کے پاس اپنے شعبے اے ایم ایل/سی ایف ٹی فریم ورک سے متعلق ٹھوس معلومات موجود ہے، جو کہ ایس ای سی پی کی طرف سے اٹھائے گئے پیشگی اقدامات کی موثریت کو نمایاں کرتے ہیں۔ استعداد کار کو بڑھانے والے یہ اقدامات ریگولیٹڈ اداروں کو درپیش خطرات کے پیشِ نظر مخصوص اے ایم ایل/سی ایف ٹی اقدامات کو تیزی سے لاگو کرنے کے لئے اس بنیاد کو قائم کرنے میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔